سوال

(231)اپنے آپ کو سلفی کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

کیا ہم اپنے آپ کو سلفی کہہ سکتے ہیں، اور کیا عرب علماء میں سے کسی نے اپنے آپ کو سلفی کہا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ درحقیقت ایک نسبت ہوتی ہے کہ انسان اپنے آپ کو سلف صالحین کی طرف منسوب کرتا ہے۔ اور اگر کوئی واقعی اپنی اس بات میں سچا ہے کہ وہ سلف صالحین کی اتباع کرتا ہے تو اپنے آپ کو سلفی کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ سلف صالحین قرآن وحدیث کے متبع تھے۔ شیخ ابن باز کا یہی موقف ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص یہ لقب اختیار کر کے لوگوں کو دھوکہ دیتا ہے یا وہ سلف صالحین کے منہج پر کاربند نہیں ہے تو ایسے شخص کے لئے اس طرح کرنا جائز نہیں ہے۔ (ماخوذ من محاضرة مسجلة بعنوان : "حق المسلم"، فی 16/1/1413 بالطائف)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ